جوابی کاپی کا سیریل نمبر

رول نمبر

اُردو (لازمی) (گروپ اوّل) (☆☆)

انٹرمیڈیٹ (پارٹ-II) 22/01 حصہ معروضی

دستخط نائب ناظم/ناظمہ مرکز

فرضی رول نمبر (دفتری استعمال کیلئے)

دستخط امیدوار

---

اُردو (لازمی) (گروپ اوّل) (☆☆)

انٹرمیڈیٹ (پارٹ - II) 22/01 حصہ معروضی

وقت : 20 منٹ

کل نمبر: 20

ATK-G1-22

نوٹ: اپنا رولنمبر اور دستخط اسی پرچہ میں دی گئی جگہ پر ثبت کیجئے۔ تمام سوال اسی کاغذ پر ہر سوال کے سامنے دی گئی ہدایات کے مطابق حل کیجئے۔ کاٹ کر /مٹا کر یا پنسل سے تحریر کردہ جواب کا کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

1- ہر سوال کے دیئے ہوئے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب پر ٹک ( ✓ ) کا نشان لگائیں۔ (20)

| نمبر شمار | سوالات | ا | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | مولوی نذیر احمد کو کیا چیز بالکل نہیں آتی تھی؟ | زینہ سازی | حیلے بازی | زمانہ سازی | جلد سازی |
| 2 | ایوب صاحب نے رشید احمد صدیقی کو کیا پہننے کا مشورہ دیا؟ | پائجامہ | پتلون | اوورکوٹ | شیروانی |
| 3 | ''حلاوہ'' کون تھی؟ | زبیر کی خالہ | زبیر کی استانی | زبیر کی دایہ | زبیر کی ماں |
| 4 | ''کانگڑی'' کہاں کی خاص چیز ہے۔ | کاغان | کابل | کشمیر | کراچی |
| 5 | ٹیلی ویژن کس کی ایجاد ہے؟ | مارکونی | جان بیرڈ | ہرٹز | ڈاکٹر فلیمنگ |
| | مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے دیئے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب کو ٹک (Tick) کریں۔ | | | | |
| 6 | اس کے بیوی بچے | آگئے | آگئی | آگئیں | آگیا |
| 7 | دو کپ، چار پلیٹیں اور تین گلاس | ٹوٹ گئیں | ٹوٹ گئی | ٹوٹ گیا | ٹوٹ گئے |
| 8 | قلم دوات کہاں | رکھی ہیں | رکھی ہے | رکھا ہے | رکھے ہیں |
| 9 | وہ صرف جھوٹا ہی نہیں۔۔۔ چور بھی ہے۔ | چاہے | چونکہ | لیکن | بلکہ |
| 10 | بادل خوب گرجا۔۔۔ بارش نہ ہوئی۔ | اگر | مگر | پھر | چاہے |
| | رموز اوقاف کو مدنظر رکھتے ہوئے دیئے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب کو ٹک (Tick) کریں۔ | | | | |
| 11 | لوگو۔۔۔ میری بات غور سے سنو: علامت آئے گی | لوگو؟ | لوگو! | لوگو، | لوگو؛ |
| 12 | واوین کی علامت ہے۔ | ؛ | :- | " " | ! |
| 13 | یہ ( ) علامت ہے۔ | قوسین کی | واوین کی | خط کی | فجائیہ کی |
| 14 | رابطہ کی تعریف ہے۔ | مختصر ٹھہراؤ | وقفے سے زیادہ ٹھہراؤ | مکمل ٹھہراؤ | سکتے سے زیادہ ٹھہراؤ |
| 15 | تفصیلیہ کی تعریف ہے۔ | مختصر ٹھہراؤ | تفصیل بیان کرنا | مکمل ٹھہراؤ | سوال پوچھنا |

امدادی افعال کے حوالے سے دیئے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جملے کو ٹک (Tick) کریں۔

| نمبر | فعل | ا | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | پڑنا | اسے کام پڑ گیا | آج خوب برف پڑی | میں نے زمین پر نوٹ پڑا دیکھا | ہماری فوج دشمن پر ٹوٹ پڑی |
| 17 | اٹھنا: | وہ صبح سویرے اُٹھا | نماز کیلئے اُٹھ جاؤ | آپ بھڑک اُٹھی | کوڑا اُٹھا دو |
| 18 | پانا: | محنت کیے بغیر کچھ نہ پاؤ گے | تم نے کیا پایا | خبردار کوئی جانے نہ پائے | ڈاکٹر نے مریض کو بے ہوش پایا |
| 19 | رہنا: | وہ بہت مصروف رہتا ہے | کہاں جا رہے ہو | ہوشیار رہو | وہ ہاسٹل میں رہتا ہے |
| 20 | چاہنا: | آخر تم کیا چاہتے ہو؟ | جو چاہو کھا پی لو | مجھے لباس چاہیے | مریض سونا چاہتا ہے |

(ختم شد)

ParhloPakistan.com

رول نمبر ----------

وقت : 2:40 گھنٹے

کل نمبر: 80

22/01

انٹرمیڈیٹ (پارٹ - II)

(حصہ انشائیہ)

# اُردو (لازمی)

(گروپ اوّل)

## (حصہ اوّل)

AJK-G1-22

2-الف)۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔ (10=1+1+8)

بچھا فرشِ زمرد اہتمامِ سبزۂ تر میں
چلی مستانہ وش بادِ صبا عنبر فشاں ہو کر

عروجِ نشۂ نشوونما سے ڈالیاں جھومیں
ترانے گائے مرغانِ چمن نے شادماں ہو کر

ب)۔ درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔ (10=1+3+3+3)

پردۂ خاک میں سو ، سو رہے جا کر افسوس
پردہ رخسار پہ کیا کیا مہِ تاباں لے کر

ابر کی طرح سے کر دیویں گے عالم کو نہال
ہم جدھر جاویں گے، یہ دیدۂ گریاں لے کر

پھر گئی سوئے اسیرانِ قفس بادِ صبا
خبر آمدِ ایّامِ بہاراں لے کر

## (حصہ دوم)

3- درج ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجیے۔
نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیں۔ (15=1+1+3+10)

(الف) اپنے رہنماؤں کی پکار سن کر مسلمان قوم ترقی کی راہ پر کچھ چلنے تو لگی لیکن جا بجا ٹھوکریں کھاتے ہوئے۔ معاشی حیثیت سے وہ اپنے ہمسایوں سے کہیں پیچھے رہی۔ تعلیمی حیثیت سے وہ ضرور کچھ بڑھی لیکن پھر بھی پسماندہ رہی البتہ اپنی قومی زبان وادب کو اس نے باوجود اپنے انحطاط کے خوب چمکایا۔ اردو علم وادب اور صحافت کو ترقی ہوئی اور ملک میں جا بجا اردو کی علمی وادبی انجمنیں پھیل گئیں۔

ب) غرض یہ کہ اوّل تو قدرت نے اپنے حسن کے لنگر یہاں جاری کر دیے تھے، جو کچھ کمی تھی وہ انسان نے پوری کر دی۔ اس شام ہم گھر کا سارا سودا لینے سپر مارکیٹ گئے۔ بہت سے صاحبان اس ادارے کو جانتے ہیں لیکن بہت سی میری ہم وطن بہنیں اس کے متعلق جاننا چاہیں گی۔ تو سنیے سپر مارکیٹ امریکن سرمایہ داری کا مکمل مظاہرہ اور امریکن طرزِ حیات کا بنیادی قلعہ اور اس کی لامحدود افراط کا ذخار ہے۔

4- درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیں اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10=1+9)

(i) پہلی فتح (ii) ایوب عباسی

5- مجید امجد کی نظم "ایک کوہستانی سفر کے دوران میں" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (05)

6- مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) اسلام ایک مکمل ضابطۂ حیات (ii) دہشت گردی ایک ناسور (iii) میری پسندیدہ شخصیت

7- تاریخی مقام کی سیر کے احوال پر مبنی اپنے دوست کے نام خط لکھیں۔ (10)

(ختم شد)

Parhlopakistan.com